**#BeeWell**

## والدین اور نگہداشت کنندگان کے لیے معلوماتی کتابچہ

**مجھے یہ خط کیوں موصول ہوا ہے؟**

### آپ کے بچے کو ایک تحقیقی مطالعے میں حصہ لینے کے لیے مدعو کیا جا رہا ہے.

ان کے شرکت کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کے لیے یہ سمجھنا اہم ہے کہ یہ تحقیق کیوں کی جا رہی ہے اور اس میں کیا شامل ہو گا۔ براہ مہربانی درج ذیل معلومات بغور پڑھیں۔ اگر آپ کو کسی بات کی سمجھ نہ آئے یا مزید معلومات درکار ہوں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں (نیچے 'مزید معلومات' کا سیکشن دیکھیں)۔ اس معلوماتی کتابچے کو پڑھنے کے لیے وقت نکالنے کا شکریہ۔

**اگر آپ کا بچہ خزاں 2025 میں آٹھویں جماعت میں ہو گا، تو** اس کے سال کا گروپ طالب علموں کے ایک ایسے گروہ کا حصہ ہے جسے ہم خزاں 2024 سے شروع کر کے سالانہ بنیادوں پر ایک سروے مکمل کرنے کا کہہ رہے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کے اسکول نے حصہ لینے کے لیے سائن اپ کیا تھا، تو آپ کو یہ معلوماتی پرچہ پچھلے سال موصول ہوا ہو گا۔

**اگر آپ نے پچھلے سال اپنے بچے کے لیے تحقیقی مطالعے میں عدم شرکت کا انتخاب کیا تھا،** تو آپ کا شرکت نہ کرنے کا فیصلہ ابھی بھی ہمارے سسٹم میں ریکارڈ شدہ ہے اور آپ کا بچہ اس سال سروے میں حصہ **نہیں** لے گا۔ آپ کو یہ فارم دوبارہ لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ نے پہلے یہ انتخاب کیا تھا کہ آپ کا بچہ سروے میں شرکت نہ کرے، لیکن چاہتے ہیں کہ وہ خزاں 2025 میں حصہ لے، تو براہ مہربانی ہم سے lawrence.wo@manchester.ac.uk پر رابطہ کریں۔

**اگر آپ کا بچہ خزاں 2025 میں ساتویں یا دسویں جماعت میں ہو گا،** تو یہ وہ واحد تعلیمی سال ہے، جس میں آپ کا بچہ تحقیقی مطالعے میں حصہ لینے کا اہل ہو گا۔

براہ کرم یہ معلومات بغور پڑھنا یقینی بنائیں تاکہ آپ سمجھ سکیں کہ یہ تحقیقی مطالعہ کیا ہے اور فیصلہ کر سکیں کہ آیا آپ چاہیں گے کہ آپ کا بچہ شرکت کرے یا نہیں۔

### معلومات برائے تحقیق

### تحقیق کون منعقد کرے گا؟

مانچسٹر انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن، مانچسٹر یونیورسٹی کے پروفیسر نیل ہمفرے اس مطالعے کی قیادت کر رہے ہیں۔ یہ پروجیکٹ مانچسٹر یونیورسٹی، اینا فرویڈ، چائلڈ آؤٹ کمز ریسرچ کنسورشیم، گریگسن فیملی فاؤنڈیشن اور گریٹر مانچسٹر کمبائنڈ اتھارٹی کے باہمی تعاون سے انجام پا رہا ہے۔ صرف مانچسٹر یونیورسٹی کے محققین کے ایک چھوٹے سے گروپ اور اینا فرویڈ کو نیچے بیان کردہ پروجیکٹ ڈیٹا سیٹ تک رسائی حاصل ہو گی؛ جبکہ دیگر تنظیمیں پروجیکٹ کی دوسرے طریقوں سے معاونت کرتی ہیں (مثلاً چائلڈ آؤٹ کمز ریسرچ کنسورشیم اسکولوں کو اس حوالے سے رہنمائی فراہم کرتا ہے کہ بچوں کی فلاح و بہبود کا کیسے خیال رکھنا ہے)۔

### تحقیق کا کیا مقصد ہے؟

ہمارے مطالعے، #BeeWell پروگرام، کا مقصد گریٹر مانچسٹر کے نوعمر لوگوں کی بہبود (مثلاً خوشی) کی جانچ کرنا ہے۔ ہم یہ بھی جاننا چاہتے ہیں کہ ان کی بہبود پر کیا چیز اثر انداز ہوتی ہے (مثلاً تعلقات، جسمانی سرگرمی)۔

*کس کو حصہ لینے کا کہا جا رہا ہے؟*

آپ کے بچے کے اسکول نے #BeeWell پروگرام کے لیے سائن اپ کیا ہے؛ اس پروگرام میں بچے سال میں ایک دفعہ کی بنیاد پر آن لائن سرویز پُر کرتے ہیں، جس کی تفصیل کچھ یوں ہے:

| | **سال 7** | **سال 8** | **سال 9** | **سال 10** |
|---|---|---|---|---|
| **خزاں 2024** | ہاں | نہیں | نہیں | ہاں |
| **خزاں 2025** | ہاں | ہاں | نہیں | ہاں |
| **خزاں 2026** | ہاں | نہیں | ہاں | ہاں |

*کیا تحقیق شائع کی جائے گی؟*

ہم رسالوں، بلاگز، کانفرنس پریزنٹیشنز، ڈاکٹریکٹ کے طلبا کے تھیسیز اور ویب سائٹس و سوشل میڈیا پر خلاصہ رپورٹس میں اپنے تحقیقی نتائج شائع کریں گے۔ حصہ لینے والے اسکولوں، مقامی حکام، گریٹر مانچسٹر کمبائنڈ اتھارٹی کو خلاصہ جاتی فیڈ بیک رپورٹس موصول ہوں گی۔ پراجیکٹ ڈیٹا سیٹ عوام کے لیے بھی دستیاب ہو گا۔ اس کا مطلب یہ ہو گا کہ دیگر محققین نوعمر لوگوں کی بہبود کے بارے میں اپنے ذاتی سوالوں کے جوابات حاصل کرنے کے لیے ڈیٹا استعمال کر سکیں گے۔ مذکورہ بالا سب کے حوالے سے آپ کے بچے کے جوابات مکمل طور پر گمنام رکھے جائیں گے۔

*ڈسکلوژر اینڈ بیرنگ سروس (DBS) چیک*

تحقیقاتی ٹیم کا ہر رکن توسیعی انکشافی (Enhanced Disclosure) سطح کے DBS چیکس سے گزرا ہوا ہے۔

*اس تحقیقی پراجیکٹ کا جائزہ کس نے لیا ہے؟*

مانچسٹر یونیورسٹی کی ریسرچ ایتھکس کمیٹی نے اس پراجیکٹ کا جائزہ لے کر اسے منظور کیا ہے (حوالہ: 2021-11133-18179)۔

*تحقیق کے لیے کون مالی تعاون کر رہا ہے؟*

یہ پراجیکٹ مانچسٹر یونیورسٹی، گریٹر مانچسٹر کمبائنڈ اتھارٹی، پال ہیملن فاؤنڈیشن، گریگسن فیملی فاؤنڈیشن، ہولرائیڈ فاؤنڈیشن، نیشنل لاٹری کمیونٹی فنڈ، اوگلیزبی چیریٹیبل ٹرسٹ، پیٹر کنڈل فاؤنڈیشن، بگ چینج اور بی بی سی چلڈرن ان نیڈ کے مالی تعاون سے چل رہا ہے۔

**میرے بچے کو کیا کرنا ہو گا؟**

آپ کے بچے کو خزاں 2025 میں ایک سروے پُر کرنے کا کہا جائے گا، جس میں 20 سے 30 منٹ لگیں گے۔ یہ کام اسکول میں آن لائن کیا جائے گا۔

سروے میں حصہ لینے میں کوئی بھی نمایاں خطرات یا نقصانات نہیں ہیں۔ لیکن اگر کوئی سوال آپ کے بچے کو اداس، متفکر یا پریشان کر دیتا ہے تو ہم اسے بتائیں گے کہ وہ کن معاونتی ذرائع (جیسے والد یا والدہ/کفالت کنندہ، چائیلڈ لائن، اسکول کے عملے کا رکن) سے رابطہ کر سکتا ہے۔ حصہ لینے پر کسی فائدے کی ضمانت تو نہیں دی جاتی لیکن بہبود سے متعلق سرویز پُر کرنے سے کچھ نوعمر لوگوں کو اپنی زندگی کے بارے میں سوچنے میں مدد مل سکتی ہے۔

*کیا حصہ لینے پر مجھے یا میرے بچے کو کوئی معاوضہ دیا جائے گا (جیسے رقم یا واؤچرز کی موصولی)؟*

حصہ لینے پر کوئی معاوضہ نہیں دیا جائے گا۔

*اگر میرا ارادہ بدل جائے یا میں نہ چاہوں کہ میرا بچہ حصہ لے تو کیا ہو گا؟*

اپنے بچے کی شرکت یا عدم شرکت کا فیصلہ کرنا آپ کی صوابدید ہے۔ اگر آپ اجازت دیتے ہیں تو آپ کے بچے سے بھی پوچھا جائے گا کہ کیا وہ حصہ لینا چاہتا ہے۔ آپ دونوں بغیر کوئی وجہ بتائے کسی بھی وقت یہ سروے چھوڑ سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کی شرکت کے بعد فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کے بچے نے سروے کے سوالوں کے جو جوابات دیے ہیں ہم وہ مٹا دیں تو آپ ہم سے رابطہ کر کے ریکارڈ حذف کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ لیکن آپ کے بچے کا ڈیٹا گمنام کر دیے جانے کے بعد اسے حذف کرنا ممکن نہیں ہو گا کیونکہ ہم اس کے مخصوص ڈیٹا کی شناخت نہیں کر پائیں گے۔ ہمارا اندازہ ہے کہ ایسا 2029 کے آخر میں ہو گا، جس کے بعد ذاتی طور پر قابلِ شناخت معلومات بحفاظت ضائع کر دی جائیں گی۔

اس سے ڈیٹا کی حفاظت کے آپ کے حقوق متاثر نہیں ہوں گے۔ اگر آپ اپنے بچے کے حصہ نہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو براہ مہربانی اس کتابچے کے آخر میں مختصر 'آپٹ آؤٹ' فارم پُر کریں اور مقررہ تاریخ تک فری پوسٹ پتے کے ذریعے ہمیں واپس بھیج دیں۔ اگر آپ چاہیں تو آپٹ آؤٹ فارم میں دی گئی معلومات کے ذریعے بھی ہمیں فون یا ای میل کر سکتے ہیں۔

**ڈیٹا کی حفاظت اور رازداری**

*آپ میرے بچے کی کون سی معلومات جمع کریں گے؟*

آپ کے بچے کی شرکت کے لیے ہمیں ایسی معلومات جمع کرنے کی ضرورت ہو گی جن سے اس کی شناخت ہو سکے؛ ان معلومات کو "قابلِ شناخت ذاتی معلومات" کہا جاتا ہے۔ ہمیں درج ذیل معلومات جمع کرنے کی ضرورت ہو گی:

- پہلا نام، خاندانی نام
- نسل
- طالبعلم کا منفرد نمبر
- تاریخِ پیدائش
- رہائشی پوسٹ کوڈ
- اسکول کی طرف سے مفت کھانے کی اہلیت
- تعلیمی سال
- جنس
- خصوصی تعلیمی ضروریات
- انگریزی بطور اضافی زبان

آپ کے بچے کا اسکول یا مقامی اتھارٹی یہ معلومات فراہم کرے گی۔

ہم آپ کے بچے کی بہبود نیز بہبود پر اثرانداز ہونے والے عوامل کے بارے میں بھی معلومات جمع کریں گے۔ اس میں درج ذیل کے بارے میں سوالات شامل ہیں:

- زندگی کا اطمینان، ذہنی تندرستی، خود اعتمادی، ذہنی تناؤ اور اس سے نمٹنا، ذہنی صحت کی مشکلات اور جذبات کو ضابطہ میں لانا
- صحت اور معمولات، مشغلے اور تفریح، اسکول، ماحول اور معاشرہ، تعلقات اور فلاح و بہبود میں معاونت
- جنسی شناخت اور جنسیت
- مائیگریشن سٹیٹس
- زندگی کی تیاری اور مستقبل (صرف سال 10)

*جمع کردہ معلومات کیسے استعمال کی جائیں گی؟*

ہم آپ کے بچے کے اسکول یا مقامی اتھارٹی کی فراہم کردہ معلومات کو سروے میں اس کے دیے گئے جوابوں سے جوڑیں گے۔ ہم اس کے رہائشی پوسٹ کوڈ کو مقامی علاقے کی عوامی معلومات (مثلاً آیا پارکوں اور دیگر سبزہ زاروں تک رسائی ہے) سے جوڑیں گے۔ مستقبل میں ہمارا ارادہ اپنے پراجیکٹ کے ڈیٹا کو آپ کے بچے کے متعلق جمع شدہ دیگر معلومات کے ساتھ لنک کرنا ہے، جیسے نیشنل پیوپل ڈیٹا بیس میں تعلیمی ڈیٹا (مثلاً تعلیمی کامیابیاں)؛ لانگیٹیوڈینل ایجوکیشنل آؤٹ کمز ڈیٹا بیس میں ملازمت اور آمدنیوں کا ڈیٹا (مثلاً سالانہ آمدنی)، کمیونٹی سروسز ڈیٹا بیس میں NHS کی فنڈ کردہ کمیونٹی سروسز تک رسائی کا ڈیٹا (مثلاً بچوں اور نوعمر لوگوں کی صحت کی سروسز کو ریفرلز) نیز مینٹل ہیلتھ سروسز ڈیٹا بیس میں NHS کی فنڈ کردہ دماغی صحت کی سروسز (مثلاً بچوں اور نوعمر لوگوں کی دماغی صحت کی سروسز کو ریفرلز)۔

*ڈیٹا کو کیسے لنک کیا جائے گا اور یہ کیوں فائدہ مند ہے؟*

ڈیٹا کو لنک کرنے کا بنیادی عمل ذیل میں بیان کیا گیا ہے:



والد/والدہ کی اجازت UoM ڈیٹا ہولڈر کو فہرست بھیجتا ہے ڈیٹا ہولڈر ریکارڈز تلاش کرتا ہے ڈیٹا ہولڈر UoM کو ڈیٹا بھیجنے کے لیے نام مٹاتا ہے UoM ڈیٹا کا تجزیہ کرتا ہے

ہمارے پراجیکٹ کے ڈیٹا کو اس طرح لنک کرنے سے اس معاملے میں نمایاں بہتری آتی ہے کہ ہم نوعمر لوگوں کی بہبود کے بارے میں کیا سیکھ سکتے ہیں اور ان کی زندگیوں کے دوسرے پہلوؤں میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ کیسے اس پر اثر انداز ہوتا ہے (اور اس سے اثر انداز ہوتا ہے)۔

*آپ کس قانونی بنیاد پر یہ معلومات جمع کر رہے ہیں؟*

ہم یوکے کے ڈیٹا کی حفاظت کے قانون کے مطابق قابلِ شناخت ذاتی معلومات جمع اور محفوظ کر رہے ہیں۔ اس میں لکھا ہے کہ ہمارے پاس آپ کا ڈیٹا جمع کرنے کی کوئی قانونی وجہ (مخصوص سبب) ہونی چاہیے۔ اس مطالعے کے لیے مخصوص سبب یہ ہے کہ یہ "عوامی دلچسپی کا کام" نیز "تحقیقاتی مقاصد کے لیے ایک ضروری کارروائی" ہے۔

*آپ میرے بچے کے بارے میں جو معلومات جمع کریں گے ان کے حوالے سے میرے حقوق کیا ہیں؟*

اپنی ذاتی معلومات کے حوالے سے آپ کو ڈیٹا کی حفاظت کے قانون کے تحت حقوق حاصل ہیں۔ مثلاً آپ اپنے بچے کی ہمارے پاس موجود معلومات کی نقل کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے مختلف حقوق یا اپنی ذاتی معلومات کو استعمال کرنے کے ہمارے طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہمارا رازداری نوٹس برائے تحقیق دیکھیں: https://documents.manchester.ac.uk/display.aspx?DocID=37095

*کیا سروے میں میرے بچے کی شرکت کو خفیہ رکھا جائے گا؟ کیا اس کی ذاتی قابلِ شناخت معلومات کی حفاظت کی جائے گی؟*

ڈیٹا کی حفاظت کے قانون کے مطابق مانچسٹر یونیورسٹی اس پراجیکٹ کی ڈیٹا کنٹرولر ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم آپ کی ذاتی معلومات کا محفوظ اور خفیہ رکھا جانا نیز صرف اس طرح استعمال کیا جانا یقینی بنانے کے پابند ہیں جس کے بارے میں آپ کو بتایا گیا ہے۔ تمام محققین تربیت یافتہ ہیں اور آپ کے ڈیٹا کی دیکھ بھال درج ذیل طریقوں سے کی جائے گی:

- تمام معلومات کو سختی سے خفیہ رکھا جائے گا۔ صرف مانچسٹر یونیورسٹی کے محققین کا ایک چھوٹا گروپ اور اینا فرویڈ قابلِ شناخت ڈیٹا تک رسائی کریں گے*، ماسوائے ان موقعوں کے جہاں یہ ایسی تنظیموں کو محفوظ طریقے سے فراہم کیا جا رہا ہو، جو ڈیٹا لنکیج کو فعال کرنے کے لیے مذکورہ بالا ڈیٹا سیٹس رکھتی ہیں۔
- تحقیقاتی ٹیم کی طرف سے ڈیٹا کو مذکورہ بالا طریقوں کے مطابق لنک کرنے کے لیے قابلِ شناخت معلومات استعمال کرنے کے بعد ڈیٹا سیٹ کو صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔
- سروے کا تمام ڈیٹا محفوظ، خفیہ کاری شدہ اور پاس ورڈ سے تحفظ یافتہ سرور پر جمع کیا جائے گا جس تک تحقیقاتی ٹیم کے صرف نامزد ارکان رسائی کر سکیں گے۔
- سارے ڈیٹا پر جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPR) کے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔
- اگر آپ اپنے بچے کے اس مطالعے میں حصہ لینے سے اتفاق کرتے ہیں تو آپ کی اجازت سے آپ کے بچے کے فراہم کردہ ناقابلِ شناخت سروے ڈیٹا کا دیگر محققین اور ایجنسیوں کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا۔ اس کا مقصد مانچسٹر یونیورسٹی کے ریسرچ پرائیویسی نوٹس (اوپر لنک دیکھیں) کے مطابق اضافی تحقیق کی اعانت کرنا ہے۔ جیسا پہلے کہا گیا ہے، یہ معلومات مکمل طور پر گمنام ہوں گی۔

* براہ مہربانی یہ بھی نوٹ کریں کہ مانچسٹر یونیورسٹی یا دیگر اتھارٹیز کے افراد کو یہ یقینی بنانے کے لیے اس مطالعے کے لیے جمع کردہ ڈیٹا دیکھنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے کہ پراجیکٹ پر منصوبے کے مطابق کام ہو رہا ہے۔ اس کے لیے قابلِ شناخت ڈیٹا دیکھنے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے۔ مطالعے کی نگرانی کرنے والے تمام افراد کی یہ ذمہ داری ہو گی کہ آپ/آپ کے حصہ لینے والے بچے کی معلومات کو سختی سے خفیہ رکھیں۔

**اگر مجھے کوئی شکایت ہو تو کیا کروں؟**

اگر آپ کی کوئی شکایت ہے جسے آپ تحقیقاتی ٹیم کے گوش گزار کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی درج ذیل سے رابطہ کریں:

**پروفیسر نیل ہمفرے**
**ایلن ولکنسن بلڈنگ، مانچسٹر انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن، یونیورسٹی آف مانچسٹر، آکسفورڈ روڈ، مانچسٹر M13 9PL**

**ای میل: neil.humphrey@manchester.ac.uk**

**فون: 3404 275 0161**

اگر آپ تحقیقاتی ٹیم کے علاوہ کسی سے رسمی شکایت کرنا چاہتے ہیں یا آپ کو محققین کی طرف سے جو ردِ عمل حاصل ہوا ہے اس سے آپ مطمئن نہیں ہیں تو براہ مہربانی درج ذیل سے رابطہ کریں:

**ریسرچ ایتھکس مینیجر، ریسرچ آفس، کرسٹی بلڈنگ، یونیورسٹی آف مانچسٹر، آکسفورڈ روڈ، مانچسٹر، M13 9PL**

**ای میل: research.complaints@manchester.ac.uk**

**فون: 8089 306 0161**

اگر آپ ڈیٹا کی حفاظت کے اپنے حقوق کے بارے میں ہم سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی dataprotection@manchester.ac.uk پر ای میل کریں یا انفارمیشن گورننس آفس، کرسٹی بلڈنگ، یونیورسٹی آف مانچسٹر، آکسفورڈ روڈ، M13 9PL کو خط لکھیں اور ہم اپنے حقوق استعمال کرنے کے طریقے کے حوالے سے آپ کی رہنمائی کریں گے۔

آپ کو اپنے بچے کی قابلِ شناخت ذاتی معلومات کے حوالے سے شکایتوں کے بارے میں انفارمیشن کمشنر کے آفس میں شکایت کرنے کا حق حاصل ہے:

**آن لائن: https://ico.org.uk/make-a-complaint/**

**فون: 1113 123 0303**

**مزید معلومات**

اگر آپ کو کچھ پوچھنا ہو، تو آپ ہمیں beewell@manchester.ac.uk پر ای میل یا 3415 275 0161 پر کال کر سکتے ہیں۔

**وقت نکال کر اس معلوماتی کتابچے کو پڑھنے کا شکریہ۔**

**اپنے بچے کے اس تحقیق میں حصہ لینے سے اتفاق کرنا**

- ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کو اس تحقیق میں حصہ لینے کی اجازت دیں گے۔
- اجازت دے کر آپ اپنے بچے کے #BeeWell سروے میں حصہ لینے، اس کا سروے کا ڈیٹا اس کے بارے میں پس منظر کی معلومات کے ساتھ جوڑنے نیز آئندہ اس کے ڈیٹا کو اس کے بارے میں ہمارے پاس محفوظ دیگر معلومات (جن کا تذکرہ اوپر 'ڈیٹا کا تحفظ اور رازداری' میں کیا گیا ہے) کے ساتھ جوڑے جانے سے اتفاق کرتے ہیں۔
- اگر آپ اجازت نہیں دیتے، تو آپ کو جتنی جلدی ہو سکے، **دیا گیا فارم واپس بھیجنا ہو گا**، اور **اس کی واپسی 26 ستمبر 2025 تک لازماً ہو جانی چاہیے۔**
- حصہ نہ لینے کا فیصلہ کرنے سے آپ یا آپ کے بچے کو کوئی نقصان نہیں ہو گا۔
- تمام بچوں کو واضح طور پر بتا دیا جائے گا کہ حصہ لینا یا نہ لینا ان کی مرضی پر منحصر ہے۔ ان کو یہ یاددہانی بھی کرائی جائے گی کہ اگر وہ کچھ سوالات کے جوابات نہ دینا چاہتے ہوں تو وہ انہیں نظر انداز کر سکتے ہیں۔

---

آپ کو یہ سلپ صرف تب پُر اور واپس کرنے کی ضرورت ہو گی جب آپ **نہیں** چاہیں گے کہ آپ کا بچہ حصہ لے۔ مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرنے کے لیے براہ کرم lawrence.wo@manchester.ac.uk پر ای میل کریں (یا 3415 275 0161 پر فون کریں) یا اس سلپ کو درج ذیل پتے پر واپس بھیجیں:

فری پوسٹ RLYU-KAAB-AXRC
لارنس وو (Lawrence Wo)
مانچسٹر انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن
B4.10 ایلن ولکنسن بلڈنگ

مانچسٹر یونیورسٹی
آکسفورڈ روڈ
مانچسٹر
M13 9PL

**<u>آپ کو ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہے۔</u>**

**اگر آپ خوش ہیں کہ آپ کا بچہ حصہ لے تو آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں۔**

محترم لارنس،

میں اپنے بچے کی #BeeWell مطالعے میں شرکت ختم کرنا چاہتا ہوں۔

| | |
|---|---|
| بچے کا نام: | |
| بچے کا اسکول: | |
| بچے کا تعلیمی سال کا گروپ (مثلاً 7، 8 یا 10): | |
| والد یا والدہ/نگہداشت کنندہ کا نام: | |
| والد یا والدہ/نگہداشت کنندہ کے دستخط: | |
| تاریخ: | |

**براہ کرم 26 ستمبر 2025 تک واپس کریں۔** UoM #BeeWell حوالہ: GM2025